مصلح آدمی تھے۔ دن رات عوام کی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل رہے۔ ان کی وفات جمیعت علماء اسلام کے لئے ایک بہت بڑے صدمہ سے کم نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر جمیعت لاہور اور اسلام آباد کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ مولانا سمیع الحق نے کہا کہ شیخ محمد شفیع ضلع ٹانک جمیعت کے امیر تھے' انہوں نے تمام زندگی جمیعت کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ آج ہم ایک مخلص اور انتہائی سرگرم ساتھی سے محروم ہو گئے۔ حکومت سے ہمارا مطالبہ ہے کہ وہ شیخ محمد شفیع کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی کسی سے بھی ذاتی دشمنی نہیں تھی۔ انہوں نے ٹانک کے موجودہ حالات میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے اور وہ اس کوشش میں تھے کہ ضلع ٹانک میں امن قائم ہو۔ (اخباری بیان)

مغربی صحافیوں اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے جرنلسٹوں کی دار العلوم آمد: حسب معمول ماہ رواں میں کئی مغربی ممالک اور مختلف بین الاقوامی چینلو اور میڈیا سے تعلق رکھنے والے جرنلسٹ دار العلوم آئے اور انہوں نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقاتیں کیں اور ملکی و بین الاقوامی حالات پر آپ سے انٹرویو کئے۔

تعطیلات کے بعد جامعہ میں دوبارہ تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز: جامعہ دار العلوم حقانیہ کے وسطانی امتحانات زیر نگرانی نائب مہتمم جامعہ حقانیہ حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ' مورخہ یکم مارچ سے شروع ہو کر ۴ مارچ تک صبح و شام جاری رہے۔ طلباء کی کثرت کے پیش نظر اور تفصیلی امتحان ہونے کی وجہ سے دار العلوم کے تمام احاطہ جات کو تین سنٹروں میں تقسیم کیا گیا۔ اساتذہ کے امتحانی و تعلیمی کمیٹی و جملہ مدرسین اور دفتر تعلیمات کے تمام عملہ کی انتھک محنت کی بدولت امتحان بخیر وخوبی پایہ تکمیل ہوئے۔ پرچوں کی زیادتی کے پیش نظر امید ہے کہ اپریل کے وسط تک مارکنگ کا سلسلہ مکمل ہو کر نتائج کا اعلان اور تقسیم انعامات کا اہتمام ہوگا۔ امتحانات میں اعدادیہ سے دورہ حدیث شریف' تخصص فی الحدیث' تخصص فی الفقہ' دار الحفظ والتجوید' کمپیوٹر کے ہر دو شعبے کے طلبا شامل رہے۔ بعد میں ایک ہفتہ چھٹی کے بعد ۱۳ مارچ بروز ہفتہ سے اسباق باقاعدہ دوبارہ شروع ہوئے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے حفید (پڑپوتے) محمد معز الحق کی ولادت: ۲۰ فروری ۲۰۱۰ء بروز ہفتہ ناظم اعلیٰ جامعہ حقانیہ الحاج مولانا اظہار الحق مدظلہ کے فرزند اور دار العلوم حقانیہ کے استاد مولانا عرفان الحق حقانی کے ہاں لڑکے کا تولد ہوا۔ والحمد للہ علی ذالک۔ نومولود بچہ جو حضرت مہتمم صاحب مولانا سمیع الحق مدظلہ کا نواسہ بھی ہے کا نام محمد معز الحق رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہیں کہ طوالت عمر' سعادتمندی' علم وعمل اور اسلاف واجداد کے نقوش پا پر چلنے کی سعادت سے بہرہ ور فرمائے۔ امین۔ آخر میں ادارہ ہدیہ تبریک پیش کرنے والے جملہ متعلقین کا تہہ دل سے شکرگزار ہے۔ قارئین سے بھی دعاؤں میں یاد رکھنے کی اپیل ہے۔